Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۴ فروری ۱۹۱۶ء	نمبر ۷

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳۱ جنوری ۱۹۱۶ء

معاملات مدرسیت میں جس رقم فیس کی منظوری اپریل ۱۹۱۵ء میں جس قید کے ساتھ ہوئی ہے وہی فیس اسی پابندی کے ساتھ داخلہ بحیثیت معافیات وغیرہ کے لئے منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات صاحب میونسپل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

[illegible]

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری فیس داخلہ بحیثیت معافیات وغیرہ	۲۰۱
۲	رخصت وغیرہ چپراسی	۲
۳	تقرر معافیدار و معاون [illegible]	۳
۴	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر عرض | نمبر سابقہ

جناب عالی

تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کی تحریک پر ناظم صاحب نے رپورٹ بھیجی ہے کہ دو اخلاع حقیت معافیات وغیرہ متعلق علاقہ قدیم مین چار آنے کورٹ فیس اور بارہ آنے طلبانہ ابتک لئے جانیکا عمل ہے لیکن بعض اشخاص سکن وموقع پر بغرض قطعبندی بیانات وغیرہ جانا ہوتا ہے۔ یا تعینانی کسی افسر کی ہوتی ہے۔ اُسکے واسطے کسی فیس کا تعین نہین ہے مقدمات سرسری مین دفعہ ۲۳۳ دستور جاریہ کے موافق باستدعاے فریق مقدمہ بحالت ماموری کسی اہلکار کے ایک روپیہ یومیہ بدین تفصیل۔

الف۔ عدالت سے دس میل کے اندر ہو تو فیس دو یوم۔

ب۔ دس میل سے زائد ہو تو فیس تین یوم لیجائیگی جو سیاہہ بحق سرکار ہوگی۔

اور دفعہ ۲۳۳ کے موافق باستدعاے فریق مقدمہ حاکم مجوزہ یا غیر مجوزہ موقع پر جائے تو پانچ روپیہ فیس لئے جائینگے۔ چہارم حاکم تحقیقات کنندہ کو ملیگی۔ تین حصہ سیاہہ سرکار ہوگی۔

ناظم صاحب کی راے ہے کہ اسیطرح داخلخارج مین بھی بحالت استدعاے فریق مقدمہ فیس لئے جانیکا حکم ہوجائے۔

۲۰ / اپریل ۱۹۱۵ء کو بندگان حضور پرنور دام اقبالہم سے عرضداشت ۲۲ / اپریل ۱۹۱۵ء پر منظوری ہو چکی ہے کہ معاملات حدبست مین حاکم کے کم رتبہ والے افسر کے موقع پر جانیکی حالت مین جبکہ فریق مقدمہ کی استدعا ہو تو دو روپیہ یومیہ فیس لیجایا کرے اور ڈیڑھ روپیہ سیاہہ سرکار ہو۔ آٹھ آنے اُس افسر کو دئے جائین۔

چونکہ دفعہ ۲۳۳ کا تعلق حاکم سے ہے اسلئے نائب تحصیلدار کے متعلق اسی صورت متذکرہ کی منظوری مقدمات داخلخارج مین بھی فرمادیجائے تو مناسب ہے۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲ / فروری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب پیشی رپورٹ بخشی فوج۔ پر ماننداہمد بخشگیری کا وجیہ ہوشیاری وغیرہ دو روپیہ ماہوار اضافہ یکم فروری سنہ حال سے منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۹ / فروری سنہ ۱۹۱۶ء

بنظر مناسب۔ حکم ہوا کہ

صاحبزادہ مبارز علیخان بہادر عرف مٹی صاحب بمشاہرہ یکصد روپیہ ماہوار ماہ بدولت واقبال کے ایڈی کانگ مقرر کئے جائین۔ اور انکو فوج مین لفٹننٹ کا رینک دیا جائے۔

احکام ضابطہ جاری ہون۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۶ فروری لغایتہ ۱۲ فروری ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶۰۰ ار	۷ ار		۲۰۰ ار	۶۰۰ ار	۴۰۰ ار	
نخود خالص	۱۰ ار	۱۰۰۱۰ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	۹۰۰ ار	
نخود کہنہ آمیز	۱۰۰۱۰ ار	۰		۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
کسہ	۱۰۰۱۰ ار	۰		۰	۱۰۰۱۰ ار	۰	
ماش	۷۰۰ ار	۸ ار		۷ ار	۷ ار	۷۰۰ ار	
مونگ	۶۰۰ ار	۸ ار		۰	۷ ار	۱۰ ار	
مکا	۱۲ ار	۱۲ ار		۱۲۰۰ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	
جئی	۱۱ ار	۰		۰	۱۰ ار	۱۲ ار	
گوجئی	۰	۰		۰	۰	۰	
عدس	۸۰۰ ار	۰		۰	۷ ار	۰	
ارہر	۱۱ ار	۰		۵۰۰ ار	۷ ار	۰	
برنج	۵ ار	۰		۶۰۰ ار	۷ ار	۶ ار	
روغن زرد	[illegible]	۳ ار		[illegible]	[illegible]	۳ ار	
روغن سیاہ	۲۰۰ ار	۳ ار		۲ ار	۳ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۲۰۰ ار	۲ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	۲۰ ار	
نمک سانبھر	۱۰ ار	۱۲ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۰	۱۳ ار		۸ ار	۹ ار	۱۳ ار	
قند سیاہ	۰	۲ ار		۵۰۰ ار	۵۰۰ ار	۶ ار	
باجرہ	۰	۱۱ ار		۱۰ ار	۹ ار	۹۰۰ ار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور